رول نمبر امیدوار: ____________

اُردو (لازمی) پہلا گروپ (1st A 224-I) سیکنڈری سکول پارٹ-II، کلاس دہم پرچہ II

وقت: 20 منٹ معروضی Code: 7021 مارکس: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 • 1 - "نفاست" کا درست تلفظ ہے
(A) نُفَاسَت (B) نِفاسَت (C) نِفلسَت (D) نَفَاسَت

2 - "جسم" کا درست تلفظ ہے
(A) جِسَم (B) جِسْم (C) جَسَم (D) جُسَم

3 - ان میں سے تابع مہمل ہے
(A) دانہ پانی (B) شریف آدمی (C) روٹی ووٹی (D) شب و روز

4 - "حرفِ تشبیہ" ہے
(A) تاکہ (B) اور (C) کا (D) مانند

5 - "عنایہ آئے" فعل ہے
(A) فعل امر (B) فعل نہی (C) فعل مجہول (D) فعل مضارع

6 - یہ فخر تو حاصل ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں ...... دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں
درج بالا شعر میں ردیف کی نشاندہی کیجئے
(A) ہیں (B) بھلے (C) چلے (D) چلے ہیں

7 - نظم "کسان" جوش کے جس مجموعۂ کلام میں شامل ہے
(A) شاعر کی راتیں (B) شعلہ و شبنم (C) حرف و حکایت (D) جذباتِ فطرت

8 - دلاور فگار کی ایک مزاحیہ نظم آپ کے شاملِ نصاب ہے۔ اس کا نام ہے
(A) مال گودام روڈ (B) اونٹ کی شادی (C) کسان (D) جی ٹی روڈ

9 - شاکر صاحب مصنف کو لے گئے
(A) شاہ پور (B) دِلّی (C) جے پور (D) سلیم پور

10 - "مُلمّع" کا مصنف ہے
(A) خدیجہ مستور (B) ہاجرہ مسرور (C) اشرف صبوحی (D) سجاد حیدر یلدرم

11 - چغل خور جو کام جانتا تھا
(A) کھیتی باڑی کا (B) معماری کا (C) لوہے کا (D) لکڑی کا

12 - مقبرہ رابعہ دورانی واقع ہے
(A) الٰہ آباد میں (B) حیدر آباد میں (C) اورنگ آباد میں (D) دِلّی میں

13 - علی بخش کو زمین دی گئی
(A) لائل پور میں (B) لاہور میں (C) جھنگ میں (D) خانیوال میں

14 - استنبول کو جس کا گھر کہا جاتا ہے
(A) عجائب گھروں کا (B) کتب خانوں کا (C) مسجدوں کا (D) مقبروں کا

15 - مرزا غالب کو تفتہ کا خط آتا تھا
(A) کلکتہ سے (B) کول سے (C) سکندر آباد سے (D) آگرہ سے

www.pakcity.org

اردو (لازمی) پہلا گروپ (1st A 224) سیکنڈری سکول پارٹ-II، کلاس دہم پرچہ II

وقت: 2:10 گھنٹے انشائی مارکس:60

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔حصہ نظم میں سے کوئی تین اور حصہ غزل میں سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ (10)

### (حصہ نظم)

(3x2=6)

- i یہ سرد و گرم ، خشک و تر ، اُجالا اور تاریکی ...... نظر آتی ہے سب میں شان اُسی کی ذاتِ باری کی
- ii گرمی سے مُضطرب تھا زمانہ زمین پر ...... بُھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر
- iii دھوپ کے جُھلسے ہوئے رُخ پر مشقت کے نشاں ...... کھیت سے پھیرے ہوئے مُنھ، گھر کی جانب ہے رواں
- iv رونقیں ہی رونقیں ہیں جس طرف بھی دیکھیے ...... چیخنے لگتے ہیں اس پر شام ہوتے ہی شِغال

### (حصہ غزل)

(2x2=4)

- i کاروبارِ جہاں سنورتے ہیں ...... ہوش جب بے خودی سے مِلتا ہے
- ii آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا ...... آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں
- iii جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور ...... تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (5+5=10)

(الف) مرزا صاحب دِلی کے شرفا کے ایک متمول خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ تراہا بیرم خان سے آگے بڑھ کر ایک راستہ سیدھے ہاتھ کو مُڑ جاتا ہے، اسی کے نکڑ پر مرزا صاحب کا آبائی مکان تھا۔ اسی علاقے میں سرسید احمد خاں کا قدیم مکان بھی تھا۔ سرسید سے بھی مرزا صاحب کی عزیز داری تھی، اور منشی ذکاءاللہ سے بھی ان کی قرابت داری ہو گئی تھی۔

(ب) ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی یورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ بھاگ کر چھپ گئے۔ نام دیو کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں لگا رہا۔ اُسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔ مکھیوں کا غضب ناک جھلڑ اُس غریب پر ٹوٹ پڑا۔ اتنا کاٹا اتنا کاٹا کہ بے دم ہو گیا۔ آخر اسی میں جان دے دی۔

(ورق اُلٹیے)



4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

- i " عالم کی موت عالم کی موت ہوتی ہے " سے کیا مراد ہے؟
- ii سیّدانی بی کی شخصیت پر دو جملے تحریر کیجیے۔
- iii حضرت ایوب انصاریؓ کی شخصیت میں کوئی سے دو نمایاں خصوصیات تحریر کیجیے۔
- iv تحریکِ خلافت کیوں شروع ہوئی؟
- v کون سی دو چیزوں پر محصول وصول نہیں کیا جاتا تھا؟
- vi "میرانیس" کا اصل نام اور تخلص تحریر کیجیے۔
- vii کھیت سے منہ پھیر کے کسان کہاں جاتا ہے؟
- viii شاعر کو کسی کی یاد کتنے عرصے تک نہیں آئی؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ب) چُغل خور

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (15)

(الف) محنت کی برکتیں (ب) تعلیم نسواں (ج) طالب علم کے فرائض

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختۂ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور اُفق کے قریب تو سنہری رو پہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات:

- i سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟
- ii تختۂ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟
- iii دور اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟
- iv "شاہِ خاور" سے کیا مراد ہے؟
- v اس پیراگراف کا مناسب عنوان تجویز کیجیے۔



www.pakcity.org

رول نمبر امیدوار: ____________

اُردو (لازمی) دوسرا گروپ (1st A 224-IV) سیکنڈری سکول پارٹ-II، کلاس دہم پرچہ II

وقت: 20 منٹ Cpy-2-24 معروضی ...... Code: 7028 مارکس: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 ۔ 1 - "مال گودام روڈ" جس شاعر کی نظم ہے

(A) جوش ملیح آبادی (B) جمیل الدین عالی (C) مرزا محمود سرحدی (D) دلاور فگار

2 - مصنف جس کی زیادہ تر تحریریں معرّب ومفرس ہوتی ہیں

(A) اشرف صبوحی (B) ڈاکٹر وحید قریشی (C) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ (D) مرزا محمد سعید

3 - مختصر، دل چسپ اور واقعاتی لحاظ سے زندگی کے کسی پہلو پر روشنی ڈالنے والی کہانی کو کہتے ہیں

(A) داستان (B) خاکہ (C) ناول (D) افسانہ

4 - "بابائے اردو" لقب ہے

(A) قائدِاعظمؒ (B) علاّمہ اقبالؒ (C) سر سید احمد خان (D) مولوی عبدالحق

5 - "مرزا محمد سعید" سبق میں مذکور دو شخصیات ہیں

(A) فیض اور ڈاکٹر تاثیر (B) حکیم سعید اور ہاجرہ مسرور (C) اشرف صبوحی اور احسان دانش (D) ادا جعفری اور ناصر بشیر

6 - "اردو ادب میں عیدالفطر" صنف کے لحاظ سے ہے

(A) انشائیہ (B) مضمون (C) مقالہ (D) کالم

7 - سبق "چغل خور" صنف نثر ہے

(A) افسانہ (B) لوک داستان (C) ناول (D) ڈرامہ

8 - حکومت نے علی بخش کو زمین الاٹ کی

(A) چار مربعے (B) تین مربعے (C) ایک مربع (D) دو مربعے

9 - "افضل" کا درست تلفظ ہے

(A) اِفْضِلْ (B) اَفضَلْ (C) اَفْضَلْ (D) اُفْضِلْ

10 - "لکھا ہوا" اسم مفعول کی قسم ہے

(A) اسم مفعول سماعی (B) اسم حالیہ (C) اسم حاصل مصدر (D) اسم مفعول قیاسی

11 - "شاہ رگ" قواعد کی رو سے ہے

(A) اسم آلہ (B) اسم مکبّر (C) اسم مصغر (D) اسم ظرف

12 - نظم "میدان کربلا میں گرمی کی شدت" صنفِ سخن کے لحاظ سے ہے

(A) مرثیہ (B) قصیدہ (C) منقبت (D) شہر آشوب

13 - "کتابت" کا درست تلفظ ہے

(A) کِتَابَتْ (B) کَتَابَتْ (C) کِتَابُتْ (D) کِتُابَتْ

14 - "سعید گھر میں موجود ہے"۔ اس جملے میں "سعید" ہے

(A) خبر (B) متعلق خبر (C) مبتدا (D) فعل ناقص

15 - غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں

(A) مقطع (B) تشبیب (C) گریز (D) مطلع

www.pakcity.org

اُردو (لازمی) — دوسرا گروپ — (1st A 224) سیکنڈری سکول پارٹ-II، کلاس دہم — پرچہ II

وقت: 2:10 گھنٹے — انشائی — مارکس: 60

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم میں سے کوئی تین اور حصہ غزل میں سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ (10)

**(حصہ نظم)** (3x2=6)

i - بُجھے گا نہ جس کا چراغِ محبت ...... وُہ پیغمبرِ ذی وقار آ گیا ہے

ii - یہ سعادت حُورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی ...... غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

iii - جھیل گئے دکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا ...... ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا

iv - میاں شُتر کو مبارک یہ رشتۂ شادی ...... اسی کو کہتے ہیں اُردو میں قیدِ آزادی

**(حصہ غزل)** (2x2=4)

i - ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت ...... ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

ii - آدمی آدمی سے مِلتا ہے ...... دل مگر کم کسی سے مِلتا ہے

iii - اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں ...... ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (5+5=10)

(الف) اُس کی کارسازی کے قربان، صدقے مشکل کُشا کے، عقل نے ایسا کام دیا اور پہلے ہی جوڑے میں واہ واہ ہوگئی۔ شہزادی کا چہرہ بھی خوشی کے مارے پھول کی طرح کِھل گیا۔ اب کیا تھا میرے ہاتھ پاؤں میں گھوڑے لگ گئے۔ دنوں کا کام گھڑیوں میں ہونے لگا۔ کہانی بہت لمبی ہے، کہاں تک کہوں جس کام کی آدمی دُھن باندھ لے، وہ ہو ہی جاتا ہے۔ آخر سارے جوڑے سِل بھی گئے اور ٹک بھی گئے۔ کتنے دن لگے؟ یہ کون کہہ سکتا ہے۔ وہاں دنوں کا حساب ہی نہ تھا۔

(ب) اب مجھے اس سے دل چسپی ہونے لگی۔ یہاں تک کہ بعض وقت اپنا کام چھوڑ کر اُسے دیکھا کرتا، مگر اُسے کچھ خبر نہ ہوتی کہ کوئی دیکھ رہا ہے یا اس کے آس پاس کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں مگن رہتا۔ اس کے کوئی اولاد نہ تھی۔ وہ اپنے پودوں اور پیڑوں ہی کو اپنی اولاد سمجھتا تھا اور اولاد کی طرح ان کی پرورش اور نگہداشت کرتا۔ ان کو سرسبز اور شاداب دیکھ کر ایسا ہی خوش ہوتا جیسے ماں اپنے بچوں کو دیکھ کر خوش ہوتی ہے۔ وہ ایک ایک پودے کے پاس بیٹھتا، ان کو پیار کرتا، جُھک جُھک کر دیکھتا اور ایسا معلوم ہوتا گویا اُن سے چپکے چپکے باتیں کر رہا ہے۔ جیسے جیسے وہ بڑھتے اور پُھولتے پھلتے اس کا دل بھی بڑھتا اور پھولتا تھا۔ ان کو توانا اور ٹانٹا دیکھ کر اس کے چہرے پر خوشی کی لہر دوڑ جاتی۔

(ورق اُلٹیے)

www.pakcity.org



4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i - علامہ محمد اقبالؒ نے مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا مطالبہ کب اور کہاں کیا؟

ii - چغل خور نے کسان کی بیوی کو کون سی ایسی بات کی جس کی وجہ سے وہ شک میں پڑ گئی؟

iii - 1831ء میں کن دو شخصیات نے مسلمانوں کو غلامی سے آزاد کرانے کے لیے اپنی جانیں قربان کیں؟

iv - مرزا غالب نے میر مہدی حسین مجروح کو خط بیرنگ کیوں بھیجا؟

v - "ہلال عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے" یہ مصرع کس شاعر کا ہے اور گردوں کا مطلب لکھیے۔

vi - اللہ تعالیٰ نے انسان کو کس کی فطرت پر پیدا کیا اور کس کے نام پر شیدا کیا؟

vii - نظم "مال گودام روڈ" کے شاعر کا نام لکھیے اور بتایئے کہ آخری شعر میں کس کو توجہ دلائی ہے؟

viii - دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) مرزا محمد سعید (ب) مُلمّع

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (15)

(الف) تندرستی ہزار نعمت ہے (ب) علامہ اقبالؒ (ج) سائنس کے کرشمے

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

انتخاب کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لیے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لیے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچالیتا ہے اور ایک بُرا دوست اپنی بدکرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخرب اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بُری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیر زمانہ کی سوانح عمریاں، سفرنامے، تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لیے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

**سوالات:**

i - کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟

ii - بُرا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟

iii - خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

iv - کتابوں اور دوستوں کا ہماری زندگی میں کیا کردار ہوتا ہے؟

v - موجودہ زمانے میں کتابیں پڑھنے کے کیا رجحانات ہیں؟

پرچہ II | (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) 1st A 223 - (II) | پہلا گروپ | اُردو (لازمی)

مارکس: 15 | Code: 7023 ...... معروضی Gr-1-23 | وقت: 20 منٹ

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 - 1 - غالب کے دوسرے خط کے مطابق ان کو کتابیں موصول ہوئیں۔
(A) 20 (B) 43 (C) 30 (D) 33

2 - " اپنی خاکستر" سے شاعر کی مُراد ہے۔
(A) سرزمینِ طرابلس (B) سرزمینِ پاک و ہند (C) اُمتِ مُسلمہ (D) سرزمینِ فلسطین

3 - درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے۔
(A) اِقسَامُ (B) اُقُسَامُ (C) آقَسَامُ (D) اِقسَامُ

4 - وہ فعل جس میں کسی کام کے نہ کرنے کا حکم پایا جائے۔
(A) فعل ماضی (B) فعل حال (C) فعل نہی (D) فعل امر

5 - " ہنستا ہوا" گرامر کی رُو سے ہے۔
(A) اسم حالیہ (B) اسم جامد (C) حاصل مصدر (D) اسم معاوضہ

6 - مصنف نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی بنیادیں بتائی ہیں۔
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

7 - سبق " ملمع " اصنافِ ادب کے لحاظ سے ہے۔
(A) داستان (B) ناول (C) افسانہ (D) مضمون

8 - ڈاکٹر اقبالؒ کو سوتے میں جھٹکے لگتے تو وہ کرتے تھے۔
(A) دوائی لیتے (B) گردن کے پٹھے دبواتے (C) حُقہ پینے لگتے (D) بے چین ہو کر ٹہلنے لگتے

9 - " چھم چھم" گرامر کی رُو سے ہے۔
(A) اسم آلہ (B) اسم صوت (C) اسم ظرف (D) اسم مکبّر

10 - عمل کا درست تلفظ ہے۔
(A) عَمُلْ (B) عَمَلْ (C) عَمُلْ (D) عَمِلْ

11 - فتنۂ قیامت کا سلسلہ ملتا ہے۔
(A) محبوب کی خوش قامتی سے (B) خوش ادائی سے (C) انگڑائی سے (D) محفل آرائی سے

12 - مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی۔
(A) باغ میں (B) میدان کی طرف (C) پائیں باغ میں (D) دریا کی سمت

13 - چغل خور نے کسان کی بیوی کو بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے۔
(A) نمکین (B) میٹھا (C) کڑوا (D) کھٹا

14 - سبق " استنبول" کی تحریر ہے۔
(A) اختر ریاض الدین (B) حکیم محمد سعید (C) شفیع عقیل (D) قدرت اللہ شہاب

15 - اب انسان کو عرفان حاصل ہو گا۔
(A) خُدا تعالیٰ کا (B) کائنات کا (C) انسان کا (D) دنیا کا



www.pakcity.org

(لازمی) پہلا گروپ 1stA 223 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 2:10 گھنٹے انشائی Guj-1-23 مارکس: 60

حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم میں سے کوئی تین اور حصہ غزل میں سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ (10)

(حصہ نظم)

(3x2=6)

i - وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا ...... وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

ii - تازہ انجم کا فضائے آسماں میں ہے ظہور ...... دیدۂ انساں سے نامحرم ہے جن کی موجِ نور

iii - جس کے بازو کی صلابت پر نزاکت کا مدار ...... جس کے کس بل پر اکڑتا ہے غرورِ شہر یار

iv - اس میں ایسی کھائیاں ہیں ایسے ایسے غار ہیں ...... دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال

(حصہ غزل)

(2x2=4)

i - رُوح کو بھی مزا محبت کا ...... دل کی ہمسایگی سے ملتا ہے

ii - سر میں سودا بھی نہیں ، دل میں تمنّا بھی نہیں ...... لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

iii - تھے کتنے ستارے کہ سرِشام ہی ڈوبے ...... ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (5+5=10)

(الف) موت برحق ہے۔ مرنا سب کو ہے مگر مرنے مرنے میں فرق ہوتا ہے۔ مرزا صاحب نے خاصی عمر پائی مگر ان کی وفات کا صدمہ اس لیے زیادہ ہے کہ ایسے قابل، ایسے شریف اور ایسے وضع دار لوگ زمانہ اب پیدا نہیں کرے گا۔ افسوس کہ پروفیسر مرزا محمد سعید اب وہاں ہیں، جہاں ہماری نیک آرزوئیں رہتی ہیں۔

(ب) قسطنطنیہ پر فوج کشی ہوئی تو حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس گروہ میں شریک تھے۔ سفرِ جہاد میں ایک وبا پھیل گئی ۔ مجاہدین کی بڑی تعداد اس وبا کا شکار ہوئی۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی علیل ہوئے۔ ان کا انتقال ہوا تو مسلمان مجاہدین نے انہیں رات کے وقت قسطنطنیہ (استنبول) کی دیواروں کے نیچے دفن کر دیا۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i - مرزا صاحب نے کس کالج میں تدریس کے فرائض انجام دیے؟

ii - میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟

iii - لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟

iv - نام دیو مالی نے انعام لینے سے انکار کیوں کیا؟

v - علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

vi - شاعر کے بیان کے مطابق دریائے فُرات کے پانی پر دھوپ کا کیا اثر پڑا؟

vii - نبضِ خاک پر انگلیاں رہنے کا کیا مطلب ہے؟

viii - شاعر نے سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) نظریۂ پاکستان (ب) چُغل خور

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (15)

(الف) علامہ محمد اقبالؒ (ب) وقت کی پابندی (ج) برسات کا موسم

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

دنیا کے ادب میں ڈراما ایک نہایت قدیم صنف ہے۔ اردو میں ڈرامے کی ابتدا ۱۸۵۳ء میں امانت کی اِندرسبھا سے ہوتی ہے۔ لیکن جدید ڈرامے کا تصور بعد میں انگریزی کی وساطت سے آیا۔ اور ڈرامے کے پیش رو کی حیثیت سے '' رہس '' کا ذکر ضروری ہے۔ اس دور میں ڈرامے پر شاعری، رقص و سرود اور موسیقی کا غلبہ تھا۔ انیسویں صدی کے آخر تک یہی سلسلہ رہا۔ بعد میں آغا حشر نے کچھ انگریزی ڈراموں کے ترجموں اور کچھ طبع زاد ڈراموں سے اس میں زندگی کا حقیقی خون دوڑانے کی کوشش کی۔ بیسویں صدی کے پہلے ربع میں مقفّٰی مکالموں کا زور رہا۔ بلکہ عبدالحلیم شرر نے انگریزی کے تتبع میں نظمِ معرا کی صورت میں چند ڈرامائی نمونے بھی پیش کیے۔ دوسرے ربع کے ڈراما نگاروں کے ہاتھوں ڈراما زندگی اور عوام سے قریب تر ہوتا گیا۔ اس زمانے میں امتیاز علی تاج نے اپنا معروف ڈراما ''انارکلی'' لکھا۔ ان کے ہم عصر ڈراما نگاروں میں عابد علی عابد اور میرزا ادیب بالخصوص قابلِ ذکر ہیں۔

سوالات:

i - اُردو ڈرامے کا ذکر کرتے وقت '' رہس '' کا ذکر کیوں ضروری ہے؟

ii - طبع زاد ڈراما کیا ہوتا ہے؟

iii - مقفّٰی مکالمے سے کیا مراد ہے؟

iv - وہ کون سا دور تھا جس میں اردو ڈرامے پر شاعری اور رقص و سرود کا غلبہ تھا؟

v - اس عبارت کا عنوان تجویز کیجیے۔



www.pakcity.org

نام امیدوار: ________

اردو (لازمی) دوسرا گروپ 1stA 223 - (I) (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 20 منٹ 2-23 معروضی ...... Code: 7022 مارکس: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

.1 1- مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے سند لی۔

(A) بی۔اے (B) ایم۔اے تاریخ (C) ایم۔اے انگریزی ادب (D) ایم۔اے اُردو ادب

2- کانگریس قائم ہوئی۔

(A) ۱۸۸۵ء میں (B) ۱۸۸۶ء میں (C) ۱۸۹۵ء میں (D) ۱۹۰۶ء میں

3- سیّدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا۔

(A) زردہ (B) فیرنی (C) بریانی (D) بونٹ پلاؤ

4- چغلی کھانا چغل خور کی ہوتی ہے۔

(A) مہارت (B) فطرت (C) عادت (D) جبلّت

5- باغ کے داروغہ تھے۔

(A) عبدالرحیم خاں فینسی (B) سید سراج الحسن (C) مولوی عبدالحق (D) ایوب عباسی

6- مرزا غالب کو تفتہ کا خط آتا تھا۔

(A) کلکتہ سے (B) سکندرآباد سے (C) کول سے (D) آگرہ سے

7- رشید احمد صدیقی کو ۲۴ فروری ۱۹۷۳ء کو ایک ملی۔

(A) رجسٹری (B) بدخبری (C) اطلاع (D) خوش خبری

8- مسدس کا ہر بند، مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

(A) چھ (B) تین (C) دو (D) چار

9- شاعر نے تہذیب کا پروردگار کہا ہے۔

(A) عالم کو (B) کسان کو (C) مزدور کو (D) معلّم کو

10- دل ٹوٹ کر ملتا ہے۔

(A) کج ادا سے (B) مل کے بھی جو نہیں ملتا (C) دلربا سے (D) خوش ادا سے

11- اسم کی بناوٹ کے اعتبار سے اقسام ہیں۔

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

12- وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا کرنا گزرے ہوئے زمانے میں لگاتار اور مسلسل معلوم ہو کہلاتا ہے۔

(A) ماضی بعید (B) ماضی تمنائی (C) ماضی شکیہ (D) ماضی استمراری

13- مرکب یا کلام کی اقسام ہیں۔

(A) تین (B) دو (C) پانچ (D) چار

14- درست اعراب کی نشان دہی کیجیے۔

(A) مَہَذَّب (B) مُہَذِّب (C) مُہَذَّب (D) مَہَذِّب

15- درست اعراب کی نشان دہی کیجیے۔

(A) اَسْتِعْمَالُ (B) اِسْتِعْمَالُ (C) اِسْتَعْمَالُ (D) اُسْتَعْمَالُ

102-(I)-1stA 223-117000

www.pakcity.org

Guj-2-23

اُردو (لازمی)　　دوسرا گروپ　　1st A 223 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم)

پرچہ II　　وقت: 2:10 گھنٹے

مارکس: 60

## انشائی

### حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ حصہ نظم میں سے کوئی تین اور حصہ غزل میں سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجئے۔ (10)

**(حصہ نظم)** (3x2=6)

i - غریبوں کی جاں کو ، یتیموں کے دِل کو ...... سکوں ہو گیا ہے ، قرار آ گیا ہے

ii - گرمی یہ تھی کہ زِیست سے دل سب کے سرد تھے ...... پتے بھی مثلِ چہرۂ مدقوق زرد تھے

iii - دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر ...... دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

iv - نیا یہ آج کے پرچے نے گُل کھلایا ہے ...... کہ سہرا باندھ کے اِک اونٹ بلبلایا ہے

**(حصہ غزل)** (2x2=4)

i - یہ فخر تو حاصل ہے بُرے ہیں کہ بھلے ہیں ...... دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

ii - سر میں سودا بھی نہیں، دِل میں تمنا بھی نہیں ...... لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

iii - آدمی آدمی سے ملتا ہے ...... دل مگر کم کسی سے مِلتا ہے

### حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھئے۔ (5+5=10)

(الف) قومی مفاد کے سامنے ذاتی مفاد کو دل سے نکال دینا چاہیے۔ ہر قسم کی گروہ بندی سے بالاتر ہو کر تمام پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کی کوشش کرنا نظریۂ پاکستان کو فروغ دینا ہے۔ اگر ہم نے نظریۂ پاکستان کو پیشِ نظر رکھا اور اپنی سیرت اور کردار کو اس کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کی تو دنیا کی دوسری قوموں میں بھی ہمیں امتیاز حاصل ہوگا۔

(ب) اس رجحان نے تخلیقی سطح پر ایک نئی سمت کی طرف اشارہ کیا ہے جس سے یہ نتیجہ نکالنا بے موقع نہ ہوگا کہ عید کا تصور مسلمانوں کے ہاں محض تہوار منانے اور اُچھل کود کو کلچر بنانے پر منحصر نہیں بلکہ اس خوشی کا رشتہ ہماری اقدار میں بہت دُور تک جاتا ہے، جس سے عید کے بارے میں اُردو شعرا کی تخلیقات کو ایک سمت ہی نہیں ملتی بلکہ ان کا تعلق ہمارے داخلی رویوں کے ساتھ اتنا گہرا ہے کہ ہماری شعری روایت میں یہ عمل صرف یک طرفہ مناظر کشی تک جا کر ختم نہیں ہوتا۔ عید کی شاعری ہماری شعری روایات کا ایک اہم اور ناقابلِ فراموش حصہ ہے۔

(ورق اُلٹیے)

www.pakcity.org

Guj-2-23



4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ (10)

i - شاعر کے ہاں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی وجہ کیا ہے؟

ii - نبضِ خاک پر انگلیاں رہنے کا کیا مطلب ہے؟

iii - نکیل پڑنے سے شاعر کی مراد کیا ہے؟

iv - رشید احمد صدیقی کے پہلے خط کا مخاطب کون ہے؟

v - نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

vi - کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟

vii - محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

viii - عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے۔ (5)

(الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ب) چغل خور

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ (15)

(الف) علامہ محمد اقبالؒ (ب) قومی اتحاد (ج) مرزا غالبؔ

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ (10)

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:**

i - زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟

ii - ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

iii - دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

iv - عربی اور انگریزی زبانوں کا تعلق کس خاندان سے ہے؟

v - آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، ان کے نام لکھئے۔

www.pakcity.org

رول نمبر امیدوار: ____________

اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) (IV) - 222 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 20 منٹ معروضی ...... Code: 7027 مارکس: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

GUT-G1-22

1 . 1 - درست تلفظ کا انتخاب کیجئے۔

(A) مُنتَظِر (B) مَنتَظِر (C) مُنتَظَر (D) مُنتَظر

2 - "تم کھاؤ" گرامر کی رُو سے ______ ہے۔

(A) فعل ماضی (B) فعل مضارع (C) فعل لازم (D) فعل اَمر

3 - اسم علم کی ______ اقسام ہیں۔

(A) تین (B) آٹھ (C) چھے (D) پانچ

4 - کسان کھیت سے رُخ پھیر کر ______ جاتا ہے۔

(A) گھر میں (B) ویرانے میں (C) مندر کی طرف (D) گاؤں میں

5 - "نازک تھے کہیں رنگِ گل و بُوئے سمن سے" میں رنگ و بُو سے مراد ______ ہیں۔

(A) آداب (B) جذبات (C) تصورات (D) خیالات

6 - اپنے گاؤں کو چھوڑ کر چغل خور ______ پہنچا۔

(A) دوسرے گاؤں (B) بڑے قصبے (C) دوسرے شہر (D) دبئی

7 - غزل کے آخر میں شاعر کا تخلص نہ ہو تو وہ شعر ______ کہلاتا ہے۔

(A) آخری شعر (B) مقطع (C) مطلع (D) عام شعر

8 - مرزا غالب پنشن کا بڑا حصہ ______ صرف کر دیتے تھے۔

(A) جائیداد خریدنے پر (B) خیرات کرنے میں (C) کتابوں پر (D) کھانے پینے پر

9 - مرکب کی ______ اقسام ہیں۔

(A) چھے (B) تین (C) دو (D) چار

10 - آخری عمر میں ______ کی وجہ سے علامہ محمد اقبالؒ کا کھانا پینا کم ہو گیا تھا۔

(A) بڑھاپے (B) دمے (C) گلے کی خرابی (D) معدے کی خرابی

11 - مسلم لیگ ______ نے قائم کی۔

(A) سرسید احمد خاں (B) نواب محسن الملک (C) قائداعظمؒ (D) نواب وقار الملک

12 - سلطان محمد فاتح گھوڑے سے اُتر کر ______ میں داخل ہوا۔

(A) مسجد (B) کلیسا (C) محل (D) غار

13 - مرزا غالب کو تفتہ کا خط ______ سے آنا تھا۔

(A) کلکتہ (B) سکندر آباد (C) کول (D) آگرہ

14 - احمد مرزا کی خلقت میں داخل ہے کہ دو منٹ ______ نہیں بیٹھتا۔

(A) نچلا (B) خاموش (C) پُرسکون (D) آرام سے

15 - درست تلفظ کا انتخاب کیجئے۔

(A) حَاجَتْ (B) حَاجْتَ (C) حَاجَت (D) حَاجِتْ

www.pakcity.org

اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) 222 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 2:10 گھنٹے (انشائی) مارکس:60

GUJ-91-22

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ حصہ نظم سے کسی تین اور حصہ غزل سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجئے: (10)

### (حصہ نظم)

i - زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے ...... بچھائے ہیں اُسی داتا نے دستر خوان نعمت کے (3x2=6)

ii - پانی تھا آگ ، گرمیِ روزِ حساب تھی ...... ماہی جو سیخِ موج تک آئی ، کباب تھی

iii - جلوۂ قدرت کا شاہد ، حُسنِ فطرت کا گواہ ...... ماہ کا دل ، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

iv - من پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سُر بکھرائے ...... سُننے والے سنیں تو ان میں ایک ہی دُھن لہرائے

### (حصہ غزل)

i - مَیں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا ...... گُنہ گار ہوں ، اِک خطا ہو گئی ہے (2x2=4)

ii - نازک تھے کہیں رنگِ گُل و بُوئے سمن سے ...... جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

iii - آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا ...... آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھئے:- (10=5+5)

(الف) صبح اخباروں میں یہ خبر پڑھ کر دل دھک سے رہ گیا کہ پروفیسر مرزا محمد سعید کا آج سوئم ہے۔ خاموش زندگی! خاموش موت! مرزا صاحب کی علالتِ مزاج یا مرضُ الموت کی اطلاع اس سے پہلے کہیں سے نہیں ملی۔ حد یہ کہ پرسوں وہ رحلت فرما گئے اور اُن کے سیکڑوں دوستوں اور قدر دانوں کو اس سانحہ اِرتحال کی خبر تک نہ ہوئی۔ افسوس! اتنا بڑا صاحبِ کمال ہم میں سے اُٹھ جائے اور اُس کی سناؤنی ہم تک نہ پہنچے۔

(ب) یہ مسجد ترکی کی تمام مساجد سے مُمتاز ہے۔ اس مسجد کا گنبد بہت ہی دل نواز ہے، اس گنبد کے اطراف میں چھوٹے چھوٹے پانچ اور گنبد ہیں، جو بالکل اس طرح محسوس ہوتے ہیں، جیسے تاروں کے درمیان چاند۔ اس مسجد کی کھڑکیوں پر بے انتہا نقش و نگار بنے ہوئے ہیں۔ یہ مسجد ترکوں کے فنِ تعمیر اور ان کی نفاست پسندی کا حسین مُرقّع ہے۔

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے:- (10)

i - نباتات و جمادات سے کیا مراد ہے؟

ii - سلطان ٹیپو نے کن اقوام کا مقابلہ کیا؟

iii - سیّدانی بی بی نے کونسا پیشہ اختیار کیا؟ اس دور میں دوسری شادی کرنا کیسا سمجھا جاتا تھا؟

iv - ہاجرہ مسرور کس شہر میں پیدا ہوئیں اور اُن کے والد کا کیا نام تھا؟

v - چغل خور نے تنخواہ کے طور پر کیا کیا مانگا؟

vi - استنبول کس ملک کا شہر ہے اور وہاں کونسے جلیل القدر صحابی مدفون ہیں؟

vii - مجازِ مرسل کی تعریف کیجئے اور اس کی کسی ایک صورت کی مثال دیجئے۔

viii - مطلع کسے کہتے ہیں؟ ایک مثال بھی دیجئے۔

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے:- (5)

(الف) مُلمّع (ب) علی بخش

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے:- (15)

(الف) صفائی کے فائدے (ب) وقت کی پابندی (ج) ایک دِل چسپ سفر

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے:- (10)

قائدِاعظمؒ ہمیشہ سے ایمان دار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ ان کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی۔ وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کیلئے توڑ پھوڑ اور خلافِ قانون اقدامات کے سخت مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے ، اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتا نہیں کرتے تھے اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے۔ خوش پوشی کا انہیں بے حد شوق اور سلیقہ تھا جو آخر تک قائم رہا۔ ہندوستان کے کتنے ہی وائسرایوں نے ان کی خوش پوشی کی تعریف کی۔ ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بامِ عروج پر پہنچ گئی تھی۔ پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے۔

سوالات:

i - قائدِاعظمؒ کس قسم کے انسان تھے؟

ii - قائدِاعظمؒ کا عظیم کارنامہ کون سا ہے؟

iii - قائدِاعظمؒ کا سیاسی رویّہ کس قسم کا تھا؟

iv - قائدِاعظمؒ کا دامن کس چیز سے پاک تھا؟

v - ہندوستان کے وائسرویوں نے آپؒ کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟

www.pakcity.org

رول نمبر امیدوار: ____________

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) (IV) - 222 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 20 منٹ معروضی ...... Code: 7028 GUJ-G2-22 مارکس: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1-1 " غبارِ کارواں " ______ کی تصنیف ہے۔

(A) ڈاکٹر وحید قریشی (B) مرزا محمد سعید (C) اشرف صبوحی (D) حکیم محمد سعید

2- " لشکر " قواعد کی رو سے ______ ہے۔

(A) تثنیہ (B) جمع (C) اسم الجمع (D) جمع الجمع

3- اب انسان کو ______ کا عرفان ہو گا۔

(A) خدا تعالیٰ (B) کائنات (C) دنیا (D) انسان

4- نظم " بہادر بچے " شاعر ______ کی نظم ہے۔

(A) شبیر حسین (B) شیر محمد (C) بشیر بدر (D) ناصر بشیر

5- درست اعراب کی نشاندہی کیجئے۔

(A) مُشَاعَرَہ (B) مُشَاعِرَہ (C) مَشَاعِرَہ (D) مِشَاعِرَہ

6- سبق " چغل خور " مصنف کی کتاب ______ سے ماخوذ ہے۔

(A) پنجابی لوک داستانیں (B) چینی لوک کہانیاں (C) پنجاب کی لوک کہانیاں (D) جاپانی لوک کہانیاں

7- حکومت نے علی بخش کو ______ مربع زمین الاٹ کی۔

(A) آدھا (B) ایک (C) دو (D) تین

8- مرزا غالب کو تفتہ کا خط ______ سے آتا تھا۔

(A) کلکتہ (B) سکندر آباد (C) کول (D) آگرہ

9- درست اعراب کی نشاندہی کیجئے۔

(A) اَخلَاق (B) اِخلَاق (C) اِخلَاقْ (D) اَخلَاقْ

10- سکونِ دلِ وحشی کا مقام ______ نہیں۔

(A) وسعتِ صحرا میں (B) کنجِ زنداں میں (C) زمین میں (D) کہیں

11- ابراہیم ذوق میں " ذوق " ______ ہے۔

(A) خطاب (B) لقب (C) تخلص (D) عُرف

12- مقبرہ رابعہ دورانی ______ میں واقع ہے۔

(A) دِلّی (B) اورنگ آباد (C) حیدر آباد (D) الٰہ آباد

13- مسجد سلیمانیہ ______ نے تعمیر کروائی۔

(A) سلطان مراد (B) سلیم ثانی (C) سلطان سلیمان (D) سلطان عبدالحمید

14- " خطوط رشید احمد صدیقی " کا پہلا خط ______ کے نام ہے۔

(A) ڈاکٹر محمد حسن (B) ظہیر احمد صدیقی (C) پروفیسر سید بشیر الدین (D) میر مہدی حسین مجروح

15- مرکب تام کے ______ ہوتے ہیں۔

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ



www.pakcity.org

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 222 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 2:10 گھنٹے (انشائی) مارکس: 60

GUJ-G2-22

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ حصہ نظم سے کسی تین اور حصہ غزل سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجئے۔ (10)

### (حصہ نظم)

i - فاطمہ! تُو آبروئے اُمّتِ مرحوم ہے ...... ذرّہ ذرّہ تیری مُشتِ خاک کا معصوم ہے (3x2=6)

ii - اس میں ایسی کھائیاں ہیں ایسے غار ہیں ...... دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال

iii - دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر ...... دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

iv - وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا ...... وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

### (حصہ غزل)

i - ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت ...... ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے (2x2=4)

ii - کاروبارِ جہاں سنورتے ہیں ...... ہوش جب بے خودی سے مِلتا ہے

iii - ہم اُسے منہ سے بُرا تو نہیں کہتے کہ فراق ...... دوست تیرا ہے، مگر آدمی اچھا بھی نہیں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھئے:۔ (10=5+5)

(الف) صبح اخباروں میں یہ خبر پڑھ کر دل دھک سے رہ گیا کہ پروفیسر مرزا محمد سعید کا آج سوئم ہے۔ خاموش زندگی! خاموش موت! مرزا صاحب کی علالتِ مزاج یا مرض الموت کی اطلاع اس سے پہلے کہیں سے نہیں ملی۔ حد یہ کہ پرسوں وہ رحلت فرما گئے۔

(ب) قلم اور بندوق دونوں پڑوسی تھے۔ ان کے درمیان اکثر کسی نہ کسی بات پر تکرار ہو جاتی، جس کی وجہ صرف یہ تھی کہ قلم بندوق کو ہمیشہ بُرے کاموں سے منع کرتا۔ ایک مرتبہ قلم کو اہلِ علم کی محفل میں شرکت کے لئے ملک سے باہر جانا پڑ گیا۔ وہاں اس کا قیام خاصا طویل ہو گیا۔

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے:۔ (10)

i - پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

ii - چچا کے ہاں لڑکی کا کس طرح استقبال کیا گیا؟

iii - چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟

iv - نام دیو مالی کے اوصاف میں سے کوئی سے دو اوصاف بیان کیجئے۔

v - علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جا سکتی ہے؟

vi - شاعر نے کسان کے گھر لوٹنے کی جو منظر کشی کی ہے اُسے دو سطروں میں لکھئے۔

vii - شاعر نے دل اور سر میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

viii - "قافیہ" کی تعریف لکھئے اور ایک مثال سے وضاحت کیجئے۔

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے:۔ (5)

(الف) چغل خور (ب) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے:۔ (15)

(الف) تعلیمِ نسواں (ب) حب وطن (ج) والدین کی اطاعت

7 - درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے:۔ (10)

عالم پہ تو جو آئی ہے رنگ اپنا پھیرتی ...... ہاتھوں سے مُشک اڑتی ہے عنبر بکھیرتی

دنیا پہ سلطنت کا تری دیکھ کر حشم ...... کھاتا ہے دن بھی تاروں بھری رات کی قسم

روئے زمین پہ جل رہے تیرے چراغ ہیں ...... اور آسمان پہ کھلتے ستاروں کے باغ ہیں

بجلی ہنسے تو رُخ ترا دیتا بہار ہے ...... شبنم کو موتیوں کا دیا تو نے ہار ہے

سب تجھ کو لیتے آنکھوں پہ ہیں بلکہ جان پر ...... پورا ہے تیرا حکم، پر آدھے جہان پر

سوالات:

i - شاعر نے چراغ کو کس سے تشبیہ دی ہے؟

ii - ان اشعار میں کس چیز کی کیفیت بیان کی گئی ہے؟

iii - دن تاروں بھری رات کی قسم کیوں کھاتا ہے؟

iv - "حشم" کے معنی بتائیے اور اس پر اعراب لگائیے۔

v - "بجلی ہنسے تو رُخ تیرا دیتا بہار ہے" اس مصرعے کی تشریح کیجئے۔

www.pakcity.org

Guj 10-G1-20

رول نمبر امیدوار: ____________

اُردو(لازمی) (نیو کورس) (پہلا گروپ) (I) - 220 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 20 منٹ معروضی ...... Code: 7021 مارکس: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C ، B ، A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1. 1 - پروگرام "دانش کدہ" میں ______ دانش ور بلائے جاتے تھے۔
(A) تین (B) چار (C) دو (D) پانچ

2 - کتاب "اقبال کی شخصیت اور شاعری" کے مصنف ______ ہیں۔
(A) فرحت اللہ بیگ (B) رشید احمد صدیقی (C) مولوی عبدالحق (D) ڈاکٹر وحید قریشی

3 - سیدانی بی کو کھانے میں ______ مرغوب تھا / تھی۔
(A) بونٹ پلاؤ (B) زردہ (C) فیرنی (D) بریانی

4 - ایا صوفیہ کے برابر ______ ہے۔
(A) عجائب گھر (B) کتاب خانہ (C) اوقاف (D) قبرستان

5 - منشی ہرگوپال تفتہ کو غالب نے پہلا خط ______ کو لکھا۔
(A) دسمبر ۱۸۵۷ء (B) نومبر ۱۸۵۸ء (C) ستمبر ۱۸۵۵ء (D) نومبر ۱۸۵۶ء

6 - سبق "علی بخش" کے مصنف کام کے سلسلے میں ______ گئے تھے۔
(A) لاہور (B) جھنگ (C) شیخوپورہ (D) لائل پور

7 - 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد ______ کی طرف توجہ تیز ہو گئی۔
(A) غزلوں (B) مرثیے (C) نظموں (D) شہر آشوب

8 - شاعر نے پاکستان کو رنگ برنگے پھولوں سے سجی ______ کہا ہے۔
(A) نگری (B) دلکش کھیتی (C) ٹوکری (D) پھلواری

9 - نظم "اونٹ کی شادی" کے شاعر کا نام ______ ہے۔
(A) سیّد ضمیر جعفری (B) دلاور فگار (C) سیّد محمد جعفری (D) محمود سرحدی

10 - "دنیا مرے آگے" کے مصنف ______ ہیں۔
(A) جمیل الدین عالی (B) جوش ملیح آبادی (C) مرزا محمود سرحدی (D) علامہ محمد اقبالؒ

11 - "شام وسحر" گرامر کی رُو سے ______ ہے۔
(A) مرکب توصیفی (B) مرکب عددی (C) مرکب عطفی (D) مرکب اضافی

12 - "اُس نے لکھا ہو گا" گرامر کی رُو سے ______ ہے۔
(A) ماضی بعید (B) ماضی تمنائی (C) ماضی شکیہ (D) ماضی استمراری

13 - "قائدِاعظمؒ" گرامر کی رُو سے ______ ہے۔
(A) خطاب (B) لقب (C) کنیت (D) تخلص

14 - تعاون کا درست تلفظ ہے۔
(A) تَعَاوُنْ (B) تُعَاوَنْ (C) تُعَاوِنْ (D) تِعَاوُنْ

15 - محبت کا درست تلفظ ہے۔
(A) مُحَبَّتْ (B) مَحَبَّتْ (C) مُحِبَّتْ (D) مَحَبِّتْ

102-(I)-220-120000

www.pakcity.org

Guj-10-G1-24

پرچہ II | 220 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) | اُردو(لازمی) (نیو کورس) (پہلا گروپ)

مارکس:60 | (انشائی) | وقت: 2:10 گھنٹے

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔حصہ نظم سے کسی تین اور حصہ غزل سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (10)

### (حصہ نظم)

i- بَشر کو فطرتِ اسلام پر پیدا کیا جس نے ...... محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام پر شَیدا کیا جس نے

ii- فاطمہ! تُو آبروئے اُمّتِ مرحوم ہے ...... ذرّہ ذرّہ تیری مُشتِ خاک کا معصوم ہے

iii- سر نِگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی ...... جس کے بُوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

iv- یوں تو میرے شہر میں سڑکیں کئی ہیں لازوال ...... لیکن اک ایسی سڑک بھی ہے نہیں جس کی مثال

### (حصہ غزل)

i- آدمی آدمی سے ملتا ہے ...... دل مگر کم کسی سے مِلتا ہے

ii- آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سَوا ...... آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

iii- نازک تھے کہیں رنگِ گُل و بُوئے سمن سے ...... جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:۔ (10=5+5)

(الف) اقبالؒ کے ہاں ہلالِ عید صرف ہمیں خوش ہی نہیں کرتا ، ہماری ہنسی بھی اڑاتا ہے۔ یتیموں کی عید کے بارے میں بھی اقبالؒ اس رویّے کی عکاسی کرتے ہیں جس پر نثر نگار بھی خامہ فرسائی کرتے رہے ہیں۔ یادِ طفلی علامہ اقبالؒ کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے اور وہ منظر کشی والے رجحان کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔

(ب) ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی یُورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ کر چھپ گئے۔ نام دیو کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں لگا رہا۔ اُسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔ مکھیوں کا غضب ناک جھلڑ اُس غریب پر ٹوٹ پڑا۔ اتنا کاٹا اتنا کاٹا کہ بے دم ہو گیا۔ آخر اسی میں جان دے دی۔

(ورق اُلٹیے)

www.pakcity.org

Guj-10-G1-20



4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:- (10)

i - پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

ii - شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟

iii - سبق "استنبول" میں مصنف کے شریک سفر دوستوں کے نام تحریر کیجیے۔

iv - مرزا غالب نے میر مہدی مجروح کو خط کب لکھا؟

v - سبق مُلمّع میں معاشرے کے کس پہلو پر روشنی ڈالی گئی ہے؟

vi - پاکستانی بچوں کو کس چیز سے پیار ہے؟

vii - کھیت سے منہ پھیر کر کسان کہاں جاتا ہے؟

viii - ادا جعفری کی شاملِ نصاب غزل کے مطلع میں شاعرہ کس بات پر نازاں ہے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے:- (5)

(الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ب) چغل خور

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے:- (15)

(الف) عیدین (ب) تحریکِ پاکستان (ج) تمباکو نوشی کے نقصانات

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:- (10)

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختۂ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لا تعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اُچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور اُفق کے قریب تو سنہری رو پہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کیلئے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات:

i - سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟

ii - تختۂ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

iii - صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

iv - دور اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

v - اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

102-220-120000

www.pakcity.org

Guj-10-G2-20

رول نمبر امیدوار: ____________

پرچہ II | اُردو (لازمی) (نیو کورس) (دوسرا گروپ) (I) - 220 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم)

وقت: 20 منٹ | معروضی ...... Code: 7022 | مارکس: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1 - مرزا محمد سعید کی عزیزداری ______ سے تھی۔

(A) شاہد احمد دہلوی (B) نذیر احمد دہلوی (C) شیخ عبدالقادر (D) سرسیّد احمد خاں

2 - مسجد سلیمانیہ کے ساتھ کتب خانے میں ______ قلمی نسخے ہیں۔

(A) ایک لاکھ (B) تیس ہزار (C) ڈیڑھ لاکھ (D) پچاس ہزار

3 - " ہلالِ عید کی گرڈوں پہ آمد آمد ہے " ______ کا مصرع ہے۔

(A) حفیظ جالندھری (B) عبدالمجید سالک (C) طالب الہ آبادی (D) علاّمہ اقبالؒ

4 - گدلا پانی پودوں کیلئے ______ تھا۔

(A) فائدہ مند (B) ضرر رساں (C) آبِ حیات (D) بے سود

5 - ______ " جزائرِ انڈمان " میں بطور ریونیو کمشنر کام کرتے رہے۔

(A) سجاد حیدر یلدرم (B) شفیع عقیل (C) قدرت اللہ شہاب (D) اشرف صبوحی

6 - چغل خور ______ کا کام جانتا تھا۔

(A) لکڑی (B) معماری (C) لوہے (D) کھیتی باڑی

7 - مسلمانوں نے اِستنبول پر پہلا حملہ ______ میں کیا۔

(A) 627ء (B) 672ء (C) 671ء (D) 677ء

8 - " جھیل گئے دُکھ جھیلنے والے " سے مراد ______ ہے / ہیں۔

(A) پاکستان بنانے والے (B) کسان (C) مزدور (D) محنت کش

9 - شاعر نے فاطمہ بنت عبداللہ کو ______ کہا ہے۔

(A) حورِ اَرضی (B) حورِ صحرائی (C) حورِ آسمانی (D) جنتی حور

10 - " جو رہی سو بے خبری رہی " ______ کی خود نوشت ہے۔

(A) احسان دانش (B) قدرت اللہ شہاب (C) سجاد حیدر یلدرم (D) ادا جعفری

11 - " مسواک " گرامر کی رُو سے ______ ہے۔

(A) اسم ظرف (B) اسم مکبّر (C) اسم آلہ (D) اسم صوت

12 - " وہ دوڑتا تھا " گرامر کی رُو سے ______ ہے۔

(A) ماضی استمراری (B) ماضی قریب (C) ماضی بعید (D) ماضی مطلق

13 - " ٹھنڈا پانی " گرامر کی رُو سے ______ ہے۔

(A) مرکب اضافی (B) مرکب توصیفی (C) مرکب عددی (D) مرکب عطفی

14 - تلاوت کا درست تلفظ ہے۔

(A) تِلَاوَتْ (B) تَلَاوَتْ (C) تُلَاوَتْ (D) تِلَاوِتْ

15 - عقل کا درست تلفظ ہے۔

(A) عَقَلْ (B) عَقِلْ (C) عَقْلْ (D) عَقُلْ

www.pakcity.org

اُردو (لازمی) (نیو کورس) (دوسرا گروپ) 220 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 2:10 گھنٹے (انشائی) Guj-10-G2-20 مارکس: 60

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کسی تین اور حصہ غزل سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (10)

### (حصہ نظم)

i - دو عالم کا اِمدادگار آ گیا ہے ...... امین آ گیا ، غم گسار آ گیا ہے

ii - یہ جہاد اللہ کے رستے میں بے تیغ و سپر! ...... ہے جسارت آفریں شوقِ شہادت کس قدر!

iii - سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام ...... اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

iv - مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ ...... یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ

### (حصہ غزل)

i - یہ فخر تو حاصل ہے ، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں ...... دوچار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

ii - سلسلہ ، فتنۂ قیامت کا ...... تیری خوش قامتی سے مِلتا ہے

iii - مَیں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا ...... گُنہ گار ہوں ، اک خطا ہو گئی ہے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (10=5+5)

(الف) اگر ہم نے نظریۂ پاکستان کو پیشِ نظر رکھا اور اپنی سیرت اور کردار کو اس کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کی تو دنیا کی دوسری قوموں میں بھی ہمیں امتیاز حاصل ہو گا اور ہم اسلامی اُصولوں کی روشنی میں پاکستان کو توانا ، مستحکم ، شان دار اور پُرعظمت بنانے میں پوری طرح کامیاب ہوں گے ، ان شاء اللہ۔

(ب) انگریزوں کے علمی ذوق کی مدح و ستائش بہت کی جاتی ہے ، مگر خود ولیم راجرز نے اپنی مشہور تصنیف توپ کاپی میں یہ گلہ کیا ہے کہ انگریزوں نے بہت سے مسلم اداروں اور خاص طور پر بیت الحکمت کا ذکر تو ضرور کیا ہے لیکن توپ کاپی کو نظر انداز کر دیا ، جہاں قدیم اسلامی عہد کی نادر و نایاب کتابیں بہ کثرت موجود ہیں اور مخطوطات و نوادرات کے لحاظ سے بھی دنیا کے عجائب خانے اور بہت سے میوزیم اس کے مقابلے میں ہیچ ہیں۔

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:- (10)

i - مرزا محمد سعید کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟

ii - نام دیو مالی نے انعام لینے سے انکار کیوں کیا؟

iii - ایک سینما کے سامنے بھیڑ دیکھ کر علی بخش نے کیا کہا؟

iv - علم کی طاقت سے بندوق کو کس طرح شکست دی جا سکتی ہے؟

v - چاندنی چوک میں ایک بدنصیب فقیر کیا صدا لگا رہا تھا؟

vi - شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

vii - استعارہ سے کیا مراد ہے؟

viii - فراق گورکھپوری کی شاملِ نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے:- (5)

(الف) مُلمّع (ب) اِستنبول

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے:- (15)

(الف) تعلیمِ نِسواں (ب) برسات کا موسم (ج) حُبِ وطن

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:- (10)

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجا یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چناں چہ دفعتہً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چناں چہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتہً آسمان سے گولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہو گئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی ، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے ، مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں ، سیکڑوں اکڑ کر مر گئے ، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے ، جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

**سوالات:**

i - پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں۔ کس زمانے میں؟

ii - جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

iii - "وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے" کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

iv - وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟

v - جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟



www.pakcity.org

رول نمبر اُمیدوار : ____________

پرچہ II

اُردو(لازمی) (نیو کورس) (پہلا گروپ) (II) - 219 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم)

مارکس: 15

وقت: 20 منٹ

معروضی ...... Code: 7023

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

.1 1 - قواعد کے دو حصے ہیں۔
(A) اسم اور فعل (B) صرف اور نحو (C) صرف اور ترکیب (D) موضوع اور مہمل

2 - درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے:
(A) مِعْذَرَتُ (B) مُعْذَرَتُ (C) مَعْذِرَتْ (D) مَعْذِرَتْ

3 - "چاقو" گرامر کی رُو سے ________ ہے۔
(A) اسمِ آلہ (B) اسمِ ظرف (C) اسمِ صوت (D) اسمِ مشتق

4 - چغل خور کا سرمایہ کیسے ختم ہوگیا؟
(A) گم ہوگیا (B) کسان نے چھین لیا (C) کسان کی بیوی نے لے لیا (D) تھوڑا تھوڑا کر کے

5 - نظامِ آسمانی اور بہارِ جاودانی میں کونسی بات مشترک ہے؟
(A) قافیہ ایک ہے (B) ردیف ایک ہے (C) معنی ایک ہے (D) نظام ایک ہے

6 - فراقؔ گورکھپوری کا اصل نام ________ تھا۔
(A) راج سنگھ سہائے (B) بھگوان داس (C) رگھوپتی سہائے (D) نرسمہاراؤ

7 - اسمِ ظرف کی ________ اقسام ہیں۔
(A) چار (B) تین (C) ایک (D) دو

8 - رشید احمد صدیقی نے اپنے احباب کو خطوط ________ سے بھجوائے۔
(A) دلّی (B) علی گڑھ (C) لاہور (D) لکھنؤ

9 - علی بخش کے مطابق اقبالؔ اکثر ________ گنگناتے تھے۔
(A) مسلماں کے لہو میں (B) خودی کو کر بلند اتنا (C) کبھی اے حقیقتِ منتظر (D) تو رہ نوردِ شوق ہے

10 - درست تلفظ کی نشاندہی کیجئے:
(A) اَصلَاحُ (B) اِصّلَاحُ (C) اَصَلَّاحُ (D) اِصلَاحُ

11 - سبق "نظریۂ پاکستان" کے مصنف کا نام ________ ہے۔
(A) ڈاکٹر سید عبداللہ (B) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان (C) سرسید احمد خان (D) جمیل الدین عالی

12 - نظم "نعت" کے متن کے مطابق محبوب پروردگار صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام ________ ہے۔
(A) امانت داری (B) سمجھداری (C) اُصولِ محبت (D) غم گساری

13 - سبق "استنبول" ________ کی تحریر ہے۔
(A) اختر ریاض الدین (B) حکیم محمد سعید (C) شفیع عقیل (D) قدرت اللہ شہاب

14 - اردو ادب کی معرکۃ الآرا کتاب "مذہب اور باطنیت" ________ کی تحریر ہے۔
(A) مرزا محمد سعید (B) جمیل الدین عالی (C) شاہد احمد دہلوی (D) اشرف صبوحی

15 - "ہلال عید کی گردوں پر آمد آمد ہے" یہ مصرع ________ کا ہے۔
(A) عبدالمجید سالک (B) حالیؔ (C) اقبالؔ (D) حفیظ جالندھری



GUJ-1-19

www.pakcity.org

اُردو (لازمی) (نیو کورس) (پہلا گروپ) 219 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 2:10 گھنٹے (انشائی) مارکس: 60

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کسی تین اور حصہ غزل سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (10)

### (حصہ نظم)

i - بُجھے گا نہ جس کا چراغ محبت ...... وہ پیغمبرِ ذی وقار آ گیا ہے

ii - گرمی یہ تھی کہ زیست سے دل سب کے سرد تھے ...... پتے بھی مثلِ چہرۂ مدقوق زرد تھے

iii - فاطمہ! گو شبنم افشاں آنکھ تیرے غم میں ہے ...... نغمۂ عشرت بھی اپنے نالۂ ماتم میں ہے

iv - مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں ...... ڈوب جانے کا بھی ہو جاتا ہے اکثر احتمال

### (حصہ غزل)

i - مِل کے بھی جو کبھی نہیں مِلتا ...... ٹوٹ کر دل، اُسی سے مِلتا ہے

ii - سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں ...... لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

iii - اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں ...... ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (10 = 5 + 5)

(الف) اب جو دیکھتی ہوں، تو جنگل سائیں سائیں کر رہا ہے اور پینس کو جیسے پہیے لگے ہوئے ہیں، اُڑی چلی جا رہی ہے۔ کلیجہ دھک سے ہو گیا۔ بدن میں سنسنیاں آنے لگیں۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑ گئے کہ یہ کیا غضب ہوا۔ یہ موئے کہار کہاں لیے جاتے ہیں؟

(ب) حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی، خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی، اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا؟ اور خلق اللہ کو اس سے کیا فیض پہنچایا؟

(ورق اُلٹیے)

GUJ-I-19

www.pakcity.org

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:۔ (10)

i - لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا صاحب کا روّیہ کیسا تھا؟

ii - علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

iii - محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

iv - لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟

v - مرزا غالب نے کتابوں پر کیا رائے دی ہے؟

vi - دیدۂ انجم سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ ...... (نظم فاطمہ بنت عبداللہ)

vii - سڑک پر جسے جانا پڑے اُس کا انجام کیا ہوتا ہے؟ ...... (نظم مال گودام روڈ)

viii - شاعر نے سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے:۔ (5)

(الف) علی بخش (ب) پرستان کی شہزادی

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے:۔ (15)

(الف) وقت کی پابندی (ب) علامہ محمد اقبالؒ (ج) یومِ آزادی

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:۔ (10)

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:**

i - زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کونسے ہیں؟

ii - عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

iii - آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے انکے نام لکھیے۔

iv - دنیا کے کون کونسے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

v - ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

103-219-118000

GUJ-1-19

www.pakcity.org

رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو(لازمی) (نیو کورس) (دوسرا گروپ) (IV) - 219 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 20 منٹ معروضی ...... Code: 7028 مارکس: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1. 1 - سجاد حیدر یلدرم نے کس وجہ سے فقیر کو مبارک باد کا مستحق قرار دیا ہے؟

(A) اس کا ذاتی محل نہیں ہے (B) اس کا بینک اکاؤنٹ نہیں ہے (C) اس کا کوئی دشمن نہیں ہے (D) اس کا کوئی دوست نہیں ہے

2 - لفظ " منزل " کے درست اعراب ہیں۔

(A) مَنْزَلْ (B) مَنزِلْ (C) مِنْزَلْ (D) مُنْزَلْ

3 - شاملِ نصاب نظم "حمد" ______ کی تخلیق ہے۔

(A) حفیظ جالندھری (B) احسان دانش (C) جمیل الدین عالی (D) جوش ملیح آبادی

4 - مرزا محمد سعید کے بقول انسان ______ کیلئے کام کرتا ہے۔

(A) شہرت و ناموری (B) مال و دولت (C) عزت اور وقار (D) شہرت اور دولت

5 - قیامِ امن و امان کیلئے حکومت کی اوّلین ترجیح ______ ہے۔

(A) عوام کو روزگار مہیا کرنا (B) دہشت گردی کو جڑ سے اُکھاڑنا (C) آبی ذخائر کی تعمیر کرنا (D) ملک میں سڑکوں کا جال بچھانا

6 - شاعر جوش ملیح آبادی نے تہذیب کو پروردگار ______ کو کہا ہے۔

(A) عالم (B) مزدور (C) کسان (D) اللہ تعالیٰ

7 - لفظ "پسوائی" قواعد کی رو سے ______ ہے۔

(A) اسم معاوضہ (B) اسم موصول (C) اسم ضمیر (D) حاصلِ مصدر

8 - درج ذیل میں ______ ظرفِ زماں ہے۔

(A) ماہِ چہاردہ (B) ماہِ رُخ (C) ماہ و سال (D) مہر و ماہ

9 - فعل ماضی کی اقسام کی تعداد ______ ہے۔

(A) دو (B) تین (C) پانچ (D) چھ

10 - سبق "نام دیو مالی" کتاب ______ سے لیا گیا ہے۔

(A) مقدماتِ عبدالحق (B) خطباتِ عبدالحق (C) چند ہم عصر (D) بزمِ خوش نفساں

11 - سیّدانی بی کو کھانے میں ______ مرغوب تھا۔

(A) اونٹ پلاؤ (B) بونٹ پلاؤ (C) مرغ پلاؤ (D) سبزی پلاؤ

12 - چغل خور ______ کا کام جانتا تھا۔

(A) لکڑی (B) معماری (C) گکڑی (D) کھیتی باڑی

13 - لفظ " استعداد " کے درست اعراب ہیں۔

(A) اِسْتَعْدَادْ (B) اَسْتَعْدَادْ (C) اِسْتِعْدَادْ (D) اُسْتِعْدَادْ

14 - مرزا غالب کے مطابق ______ پر محصول معاف تھا۔

(A) اناج اور اُپلے (B) ترکاری اور پھل (C) غلّہ اور ترکاری (D) پھل اور اُپلے

15 - فراق گورکھپوری کی غزل میں "شکیبا، اچھا، ایسا" قواعد کی رو سے ______ ہیں۔

(A) ردیفیں (B) قافیے (C) تشبیہیں (D) استعارے

104-(IV)-219-110000

GUJ-2-19

www.pakcity.org

پرچہ II
مارکس:60

اردو(لازمی) (نیو کورس) (دوسرا گروپ) 219 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم)

(انشائی)

وقت: 2:10 گھنٹے

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔حصہ نظم سے کسی تین اور حصہ غزل سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (10)

### (حصہ نظم)

i - زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے ...... بچھائے ہیں اُسی داتا نے دستر خوان نعمت کے

ii - مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ ...... یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ

iii - رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے! ...... ذرہ ذرہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے

iv - سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام ...... اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

### (حصہ غزل)

i - ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت ...... ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

ii - ایک مُدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں ...... اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

iii - بھول جاتا ہُوں مَیں ستم اُس کے ...... وہ کچھ اس سادگی سے مِلتا ہے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے ، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (10=5+5)

(الف) اُس کی کارسازی کے قربان، صدقے مشکل کشا کے، عقل نے ایسا کام دیا اور پہلے ہی جوڑے میں واہ وا ہو گئی۔ شہزادی کا چہرہ بھی خوشی کے مارے کِھل گیا۔ اب کیا تھا میرے ہاتھ پاؤں میں گھوڑے لگ گئے۔ دنوں کا کام گھڑیوں میں ہونے لگا۔ کہانی بہت لمبی ہے، کہاں تک کہوں جس کام کی آدمی ذہن باندھ لے، وہ ہو ہی جاتا ہے۔ آخر سارے جوڑے سِل بھی گئے اور ٹِک بھی گئے۔

(ب) ذرا سا یہ اعلان ہوتے ہی منبر سے دروازے تک چار فیٹ کا راستہ بن گیا۔ نمازی دورویہ کھڑے ہو گئے۔ ایک انسان اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب منڈوبین نہایت اطمینان سے باہر آگئے۔ یہ تنظیم کی بات ہے۔ ترک اب دنیا کی ایک نہایت شائستہ اور منظم قوم بن چکے ہیں۔ ان کا یہ ڈسپلن ان کو دنیا کی بڑی قوم بنا رہا ہے۔

(ورق اُلٹئے)

GUJ-2-19

www.pakcity.org

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے:- (10)

i - پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

ii - نام دیو مالی نے پانی کی قلت کے زمانے میں چمن کو کیسے شاداب رکھا؟

iii - تحریکِ خلافت کیوں شروع ہوئی؟

iv - حضرت ابو ایوب انصاریؓ کی شخصیت میں سے دو نمایاں چیزیں تحریر کیجئے۔

v - منشی ہرگوپال تفتہ نے غالب کو خط کہاں سے لکھا؟

vi - انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

vii - نظم "اونٹ کی شادی" میں شاعر نے سر کا درد بڑھنے کی وجہ کیا بتائی ہے؟

viii - شاعر کو کسی کی یاد کتنے عرصے سے نہیں آئی؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے:- (5)

(الف) پرستان کی شہزادی (ب) نام دیو مالی

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے:- (15)

(الف) تعلیمِ نسواں (ب) تحریکِ پاکستان (ج) حُبِ وطن

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے:- (10)

انتخاب کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کیلئے اس طرح کی احتیاط اور غوروفکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کیلئے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچا لیتا ہے اور ایک بُرا دوست اپنی بدکرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخرب اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیر زمانہ کی سوانح عمریاں، سفرنامے، تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کو مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کیلئے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

**سوالات:**

i - کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟

ii - بُرا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟

iii - خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

iv - طالب علم کیلئے کونسی کتابیں مفید ہیں؟

v - بری کتابیں کیا کیا نقصان پہنچاتی ہیں؟

104-219-110000

GUJ-2-LP

www.pakcity.org

اردو (لازمی) (نیو کورس) — پہلا گروپ — (I) - 218 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) — پرچہ II

(معروضی)

وقت: 20 منٹ — مارکس: 15

**Code: 7021**

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1 - مرزا محمد سعید کی ______ سے عزیز داری تھی۔
(A) سر سید احمد خان (B) شیخ عبدالقادر (C) شاہد احمد دہلوی (D) مشتاق احمد زاہدی

2 - اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کیلئے ______ نے سختیاں جھیلیں۔
(A) حضرت مجدد الف ثانیؒ (B) شاہ ولی اللہؒ (C) سید احمد بریلویؒ (D) شاہ اسماعیل شہیدؒ

3 - علامہ اقبالؒ نے "لذت افزائے شورِ عشق" میں اشارہ کیا۔
(A) بادل (B) ستارے (C) عید الفطر کا چاند (D) نماز عید الفطر

4 - مصنف (سجاد حیدر یلدرم) کا دوست زیادہ بے تکلف اور شور مچانے والا ہے۔
(A) احمد مرزا (B) شاکر صاحب (C) قرض خواہ دوست (D) محمد حسین

5 - چغل خور کو چغل خور کہیں تو وہ
(A) لڑ پڑتا ہے (B) بھاگ جاتا ہے (C) ناراض ہو جاتا ہے (D) شرمسار ہو جاتا ہے

6 - ڈاکٹر محمد اقبالؒ رات کو جانماز پر جا بیٹھتے
(A) ایک بجے (B) دو بجے (C) اڑھائی بجے (D) دو اڑھائی بجے

7 - کتابوں کی شیرازہ بندی کے بارے میں ______ نے مرزا کو خط لکھا۔
(A) تفتہ (B) میران (C) میر مہدی مجروح (D) شیو نرائن

8 - پیغمبرِ ذی وقار صلی اللہ علیہ وسلم کا چراغِ محبت
(A) روشن تر ہوگا (B) ہمیشہ روشن رہے گا (C) کبھی نہیں بجھے گا (D) اس کی روشنی اور پھیلے گی

9 - سڑک پر شغال کے چیخنے سے واضح ہوتی ہے۔
(A) ویرانی (B) آمد و رفت (C) رونق ہی رونق (D) اداسی

10 - اک شمع بجھائی تو
(A) ہم پچھتائے بہت (B) کئی اور جلا لیں (C) سو رہے (D) بے سکون ہو گئے

11 - اسم مشتق کی اقسام ہیں۔
(A) ایک (B) دو (C) چار (D) پانچ

12 - "جس" بلحاظ گرامر ہے۔
(A) اسم اشارہ (B) اسم موصول (C) اسم حالیہ (D) اسم صوت

13 - "عیدگاہ" بلحاظ گرامر ہے۔
(A) ظرف زماں (B) ظرف مکاں (C) اسم صوت (D) اسم آلہ

14 - لفظ "معطر" کا درست تلفظ ہے۔
(A) مُعطَّر (B) مُعَطَّر (C) مَعَطَّر (D) مُعَطِّر

15 - لفظ "معذرت" کا درست تلفظ ہے۔
(A) مَعذِرَت (B) مَعذَرَت (C) مُعذِرَت (D) مَعذُرَت

103-(I)-218-115000

Guj-10-1-18

www.pakcity.org

...(لازمی) (نیو کورس) پہلا گروپ 218 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

...ت: 2:10 گھنٹے مارکس: 60

(انشائی)

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجئے: (10)

### (حصہ نظم)

i - اُسی نے ایک حرفِ کُن سے پیدا کر دیا عالم ...... کشاکش کی صدائے ہاؤ ہُو سے بھر دیا عالم

ii - اُڑتی تھی خاک ، خشک تھا چشمہ حیات کا ...... کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

iii - یہ سماں اور اک قوی انسان ، یعنی کاشت کار ...... ارتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار

iv - اس کی چھاتی پر کئی ٹانگے اُلٹ کر رہ گئے ...... سیکڑوں گھوڑوں کا اس پر ہو چکا ہے انتقال

### (حصہ غزل)

i - ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت ...... ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

ii - سلسلہ ، فتنہ قیامت کا ...... تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

iii - یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانہ عشق ...... مگر اے دوست ، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (10 = 5 + 5)

(الف) موت برحق ہے۔ مرنا سب کو ہے مگر مرنے مرنے میں فرق ہوتا ہے۔ مرزا صاحب نے خاصی عمر پائی مگر ان کی وفات کا صدمہ اس لیے زیادہ ہے کہ ایسے قابل ، ایسے شریف اور ایسے وضع دار لوگ زمانہ اب پیدا نہیں کرے گا۔ افسوس کہ پروفیسر مرزا محمد سعید اب وہاں ہیں ، جہاں ہماری نیک آرزوئیں رہتی ہیں۔ ایسی جامع العلوم ہستی سے محروم ہونے کا ہمیں جتنا بھی غم ہو ، کم ہے۔

(ب) وہ خود بھی بہت صاف ستھرا رہتا تھا اور ایسا ہی اپنے چمن کو بھی رکھتا۔ اس قدر پاک صاف جیسے رسوئی کا چوکا۔ کیا مجال جو کہیں گھاس پھونس یا کنکر پتھر پڑا رہے۔ روشیں باقاعدہ ، تھالے درست ، سینچائی اور شاخوں کی کاٹ چھانٹ وقت پر ، جھاڑنا ، بہارنا ، صبح شام روزانہ ، غرض سارے چمن کو آئینہ بنا رکھا تھا۔

4 - درج ذیل سوالات میں سے کوئی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے:- (10)

i - تحریکِ خلافت کیوں شروع کی گئی؟

ii - چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لُبِ لباب کیا تھا؟

iii - علی بخش سے مصنف کی کیسے ملاقات ہوئی؟

iv - کون سی دو چیزوں پر محصول وصول نہیں کیا جاتا تھا؟

v - اسلام کیسے امن و آشتی کا مذہب ہے؟

vi - فاطمہ کو " راکھ میں دبی ہوئی چنگاری " کیوں کہا گیا ہے؟

vii - نظم کے دوسرے شعر میں شاعر نے کن الفاظ میں کسان کی تحسین کی ہے؟

viii - " اِک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں " سے کیا مراد ہے؟

(ورق الٹئے)

Guj - 10-1-18

www.pakcity.org

- درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے:- (5)

(الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ۔ (ب) چغل خور۔

- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے:- (15)

(الف) حبِ وطن۔ (ب) تندرستی ہزار نعمت ہے۔ (ج) سکول میں میرا پہلا دن۔

- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے:- (10)

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتاً ملتان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف باری شروع ہو گئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے، مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں، سیکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے، جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات:

i - پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں۔ کس زمانے میں؟

ii - جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

iii - "وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے" کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

iv - وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟

v - جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟



Guj-10-1-18

www.pakcity.org

اردو(لازمی) (نیو کورس) دوسرا گروپ 218 - (IV) (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 20 منٹ (معروضی) مارکس: 15

**Code: 7028**

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1 - نظم "مال گودام روڈ" کس مجموعہ سے لی گئی ہے؟
(A) اندیشۂ شہر (B) [illegible] (C) فی سبیل اللہ (D) مطلع عرض ہے

2 - "پون ٹوٹی" چنگی کس چیز پر معاف تھی؟
(A) ترکاری اور پھل (B) اناج اور اُپلے (C) غلہ اور ترکاری (D) پھل اور اُپلے

3 - استنبول کا فاتح کون تھا؟
(A) حضرت ابوایوب انصاریؓ (B) محمد ثانی (C) مراد ثانی (D) سلطان محمد فاتح

4 - فقیر کا جسم کیسا تھا؟
(A) لاغر (B) کمزور (C) دُبلا پتلا (D) موٹا تازہ

5 - کتنی عمر میں مرزا صاحب کے دونوں ہاتھوں میں رعشہ آ گیا؟
(A) تیس سال (B) چالیس سال (C) پچاس سال (D) ساٹھ سال

6 - "مدرسہ" کا درست تلفظ ہے۔
(A) مَدْرَسَہ (B) مُدَرِّسَہ (C) مُدَرَّسَہ (D) مِدْرَسَہ

7 - وہ اسم جسے کسی جملے کے ساتھ لگائے بغیر معنی سمجھ نہ آئیں کہلاتا ہے۔
(A) اسم اشارہ (B) اسم موصول (C) اسم صوت (D) اسم ظرف

8 - "شاہ سوار" گرائمر کی رو سے کیا ہے؟
(A) اسم صوت (B) اسم ظرف (C) اسم آلہ (D) اسم مکبر

9 - پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے۔
(A) بالشت بھر (B) چھ فٹ (C) ایک ایک فٹ (D) گز بھر

10 - گدلا پانی پودوں کیلئے تھا۔
(A) ضرر رساں (B) آبِ حیات (C) بے سود (D) مفید

11 - رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے؟
(A) دلّی (B) علی گڑھ (C) لاہور (D) لکھنؤ

12 - "اتحاد" کا درست تلفظ ہے۔
(A) اِتِّحَاد (B) اِتَّحَاد (C) اُتحاد (D) اَتحاد

13 - مصدر کی اقسام ہیں۔
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

14 - دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے؟
(A) کج ادا سے (B) دلربا سے (C) خوش ادا سے (D) مل کے بھی جو نہیں ملتا

15 - رن کی زمیں سرخ تھی اور آسمان تھا۔
(A) سبز (B) نیلا (C) زرد (D) سرخ

Guj-10-2-18

104-(IV)-218-108000

www.pakcity.org

…زی) (نیو کورس) دوسرا گروپ 218 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

2:10 گھنٹے مارکس: 60

(انشائی)

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجئے: (10)

(حصہ نظم)

- i اُصولِ محبت ہے ، پیغام جس کا ...... وہ محبوب صلی اللہ علیہ وسلم پروردگار آ گیا ہے
- ii رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے! ...... ذرہ ذرہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے
- iii یہ سماں اور اک قوی انسان ، یعنی کاشت کار ...... ارتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار
- iv مرے بنے کو مبارک یہ خوش گوار گھڑی ...... کہ سر کا سہرا بڑھا ناک میں نکیل پڑی

(حصہ غزل)

- i یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا ...... جہاں بادِ صرصر ، صبا ہو گئی ہے
- ii آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا ...... رنگ ، تیری ہنسی سے ملتا ہے
- iii ایک مُدّت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں ...... اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ، ایسا بھی نہیں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھئے:- ( 10 = 5 + 5 )

(الف) نواب صاحب کا محل میرے گھر سے کوئی دو آنے ڈولی ہوگا۔ قاضی واڑے سے نکلے اور خانم کا بازار آیا۔ پہلے تو مجھے کچھ خیال نہ ہوا۔ جب بہت دیر ہو گئی اور ہٹو بچو کی آواز نہ آئی ، بازار کے چراغ بھی جھلکتے ہوئے دکھائی نہ دیے ، تو پردے کی جھری کھولی۔ اب جو دیکھتی ہوں ، تو جنگل سائیں سائیں کر رہا ہے اور پینس کو جیسے پہیے لگے ہوئے ہیں ، اُڑی چلی جا رہی ہے۔

(ب) وہ خود بھی بہت صاف ستھرا رہتا تھا اور ایسا ہی اپنے چمن کو بھی رکھتا۔ اس قدر پاک صاف جیسے رسوئی کا چوکا۔ کیا مجال جو کہیں گھاس پھونس یا کنکر پتھر پڑا رہے۔ روشیں باقاعدہ ، تھانولے درست ، سینچائی اور شاخوں کی کاٹ چھانٹ وقت پر ، جھاڑنا ، بہارنا ، صبح شام روزانہ ، غرض سارے چمن کو آئینہ بنا رکھا تھا۔

4 - درج ذیل سوالات میں سے کوئی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے:- (10)

- i مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟
- ii مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟
- iii نصابی سبق " ملمع " میں لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟
- iv ہر چغل خور کس بات کو ماننے سے انکار کرتا ہے؟
- v حکومت کی اوّلین ترجیح کیا ہے؟
- vi نصابی نظم " کسان " میں شاعر نے کسے ارتقاء کا پیشوا کہا ہے؟
- vii انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟
- viii شاعر فراق گورکھپوری نے سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

(ورق الٹیے)

Guj-10-2-18

www.pakcity.org

- درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے:- (5)

(الف) نظریۂ پاکستان۔ (ب) استنبول۔

- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے:- (15)

(الف) قائداعظمؒ۔ (ب) تندرستی ہزار نعمت ہے۔ (ج) چڑیا گھر کی سیر۔

- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:- (10)

آپ کا والا نامہ ابھی ملا ہے جس کے لیے بہت شکر گزار ہوں۔ مسٹر نعیم الحق صاحب کے خط سے جو انھوں نے شیخ عبدالحمید کو لکھا ہے، معلوم ہوتا ہے کہ ان کے خیال میں کشمیر اور سری نگر، دو مختلف جگہیں ہیں۔ ان کی خدمت میں عرض کریں کہ "کشمیر" ملک کا نام ہے اور "سری نگر" دارالسلطنت ہے۔ مقدمات جو بھی ہوں سری نگر میں ہوں گے اور جہاں تک میں خیال کرتا ہوں ان کو زیادہ مدت وہاں ٹھہرنا نہ پڑے گا۔ شیخ عبدالحمید صاحب کا خط مجھے آج آیا ہے، جس میں وہ لکھتے ہیں کہ سیّد نعیم الحق صاحب کا سفر خرچ کشمیر کمیٹی کی طرف سے ادا ہونا چاہیے، لیکن مجھے یقین ہے کہ سیّد صاحب موصوف اس حقیر رقم کو جو سفر خرچ کی صورت میں ان کی خدمت میں پیش کی جائے قبول نہ کریں گے اور یہ کام لِلّٰہ، مسلمانوں کے لیے کریں گے۔ کشمیر کمیٹی کے پاس زیادہ فنڈ نہیں ہے، ورنہ میں خود سیّد صاحب کی خدمت میں پیش کرتا۔ اس واسطے مہربانی کر کے ان کی خدمت میں عرض کریں کہ اگر آپ بلا کسی قسم کے معاوضے اور سفر خرچ کے یہ خدمت کریں تو اللہ کے نزدیک اجر جزیل کے مستحق ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی اور صورت میں اس کا اجر ضرور مل جائے گا۔

www.pakcity.org

**سوالات:**

i - علامہ اقبالؒ نے مکتوب الیہ سے کیا کہا؟ خلاصہ لکھیے۔

ii - سفر خرچ سے کیا مراد ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

iii - اس پیراگراف کا عنوان لکھیے۔

iv - سیّد نعیم الحق وکیل ہیں، انھیں سری نگر کیوں بلایا ہے؟

v - اجر جزیل کے معنی لکھیے۔



Guj-10-2-18